Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگانِ اعلیحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱۳	مطبوعہ روزِ دوشنبہ تاریخ ۲۲ جمادی الاول سنہ ۱۳۳۴ھ مطابق ۲۷ مارچ سنہ ۱۹۱۶ء	جلد ۴۸

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	انتظام اسامی اہلمد کلیات۔	۱
۲	برخاستگی برکت اللہ ہیڈ کانسٹبل و تقرر مسیح اللہ خاں۔	۲
۳	جرمانہ وغیرہ آغا نواب اہلمد۔	۲
۴	نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
واقع ۱۴ مارچ سنہ ۱۹۱۶ء

دربارہ آسامی اہلمدی کلیات

یہ کاغذات پیش ہوئے محمد اسحاق اہلمد کلیات مشاہرہ [illegible] [illegible] کا ۳ مارچ کو انتقال ہوگیا ہے اس کی جگہ خالی ہے۔ شمو خاں پدر متوفی نے بیٹے سردار خاں اپنے عزیز کے تقرر کی درخواست دی ہے۔ رپورٹ سررشتہ دار صدر و حاکم صاحب صدر سے سردار خاں کا کام انجام دینے کے

قابل معلوم ہوتا ہے سردار خاں محرر توشہ خانہ تھا اور صاحب ہوم سکرٹری بہادر نے ۲۰ مارچ کو تحریر فرمایا ہے کہ سردار خاں کو صیغہ مال میں جگہ دیجائے تو مجھکو کوئی اعتراض نہیں ہے لہذا

حکم ہوا کہ

بوجہ فوتی محمد اسحاق کا نام ۲۰ مارچ سے صیغہ ملازمت سے خارج کیا جائے اور بجائے اُسکے مسمّے سردار خاں کا تقرر بمشاہرہ عہ ماہوار منظور ہے سردار خاں اہلمد کلیات کا کام انجام دے چھ ماہ تک اہلمدی کلیات کا کام لے کر سردار خاں سے دیکھا جائے اگر اس عرصہ میں سردار خاں نے اہلمدی کلیات کا کام اچھا انجام دیا تو اہلمدی پر رکھا جائے گا ورنہ معاون بنا دیا جائے گا۔ نامبردہ کو اطلاع دیجائے ۔ دو روپیہ جو محمد اسحٰق متوفی کی تنخواہ سے باقی رہے اُس میں سے ایک روپیہ ماہوار عبد الحفیظ معاون اہلمد کلیات کی تنخواہ میں اضافہ کیا جائے اب عبد الحفیظ کی تنخواہ معہ الاؤنس عہ ماہوار ہوگی اور ایک روپیہ ماہوار محمد رضا خاں اہلمد نزول شاہ آباد عہ ماہوار کی تنخواہ میں اضافہ کیا جانا منظور ہے۔ بعد چھ ماہ حاکم صاحب صدر دفتر دار صاحب صدر نسبت کارگزاری سردار خاں اطلاع دیں احکام ضابطہ جاری ہوں نقل حکم باجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر بھیجی جائے

صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

برخاستگی

۲۳ مارچ ۱۹۱۶ء

حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس برکت اللہ ہیڈ کانسٹبل برخاست کیا گیا اور بجائے اُسکے مسیح اللہ کلارک کو دو روپیہ ماہوار اضافہ دیکر بمشاہرہ دس روپیہ ماہوار ہیڈ کانسٹبل مقرر کیا گیا۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

واقع ۲۰ مارچ ۱۹۱۶ء

کاغذات شکایت منشی آقا نواب اہلمد مرسلہ صاحب مجسٹریٹ ضلع دیکھے گئے۔ اہلمد مذکور کا قصور بالکل صاف و ظاہر ہے جو اُسکے حوالہ رپورٹ میں بھی تسلیم کیا گیا ہے یعنی اُسنے تعمیل حکم نسبت کرنے کام سے دوران تعطیل میں انکار کیا۔ اور بعد ازاں متمردانہ طریقہ سے اُسپر قائم رہا۔ اُسکا اس قسم کا انکار فی نفسہ گستاخی بھی ہے اور اُسکی رپورٹ بعض گستاخانہ مضامین پر مشتمل ہے جس سے تصدیق ایک حد تک اس کی ہوتی ہے کہ زبانی گفتگو میں اُس نے ضرور حد ادب سے تجاوز کیا ہوگا اسکے علاوہ صاحب مجسٹریٹ ضلع خود اُسکی گستاخی کو بصراحت بیان کرتے ہیں۔ اگر صاحب موصوف نے اہلمد پر سختی کی بھی ہو تو بوجہ اپنے تمرد و عدول و گستاخی کے وہ خود اُس کا مستوجب اور ذمہ دار ہے۔ اُس کی رپورٹ سراسر غیر متعلق امور سے پُر ہے اور ضرورت اس کی ہے کہ اہلمد مذکور کو اس متمردانہ و گستاخانہ حرکت کی سزا اُسکو دیجائے۔ نیز اُسکی درخواست تبادلہ جو اسی رپورٹ کے آخر میں درج ہے ہرگز لائق منظوری نہیں ہے اگرچہ صاحب مجسٹریٹ ضلع کو بھی اُس سے اختلاف نہیں ہے کیونکہ ایسے نازیبا حرکات اگر وہ منظوری تبادلہ قرار دیے جائینگے تو گویا ایسے حرکات کو ترجیح دینا اور اُنکی ترغیب دلانا ہوگا۔ لہذا حکم ہوا کہ ۱۵ مارچ ہذا و اُسکے بعد کی تعطیلات کی تنخواہ بطور غیر حاضری منشی آقا نواب اہلمد سے وضع کیجائے اور اس کے علاوہ تین روپیہ جرمانہ کیا جائے اور اہلمد مذکور کو آئندہ ایسے حرکات سے احتراز کرنیکی ہدایت کی جائے ورنہ زیادہ سختی سے تدارک کیا جائے گا نیز اُسکو ہدایت کی جائے کہ فوراً صاحب مجسٹریٹ ضلع سے صاف طور پر مؤدبانہ طریقہ سے عفو تقصیر چاہے۔ روبکار ہذا بنا بر اطلاع عام درج گزٹ ہو۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۲۰ مارچ لغایتہ ۲۶ مارچ سنہ ۱۹۱۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۸ ار	۸۰۸ ار	۸ ار	۷۰ ار	۸ ار	۸ ار	
نخود خالص	۱۰ ار	۱۱ و ۱۲ ار	۱۰ ار	۱۰۱۰ ار	۱۰ ار	۱۰۱۰ ار	
نخود کسہ آمیز	۱۱ ار	۱۳ ار	۱۰۱۰ ار	۱۰۱۰ ار	۱۰۱۰ ار	۱۱ ار	
کسہ	۰	۰	۱۱ ار	۱۱ ار	۱۱ ار	۱۱۰ ار	
ماش	۷۰ ار	۸ و ۹ ار	۷۰ ار	۷۰ ار	۷۰ ار	۸ ار	
مونگ	۸ ار	۹ ار	۸ ار	۷ ار	۷۰ ار	۷۰ ار	
مکا	۱۴۰ ار	۰	۱۵ ار	۱۵ ار	۱۶ ار	۱۵۰ ار	
چنی	۱۲ ار	۰	۱۰ ار	۱۲ ار	۱۳ ار	۱۳ ار	
گوجئی	۰	۰	۹ ار	۱۰ ار	۱۲ ار	۱۱ ار	
عدس	۸ ار	۰	۱۱ ار	۰	۱۱ ار	۰	
ارہر	۱۰ ار	۱۳ ار	۱۲ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	۰	
برنج	۶ ار	۶ ار	۷ و ۶ و ۸ ار	۶۰ ار	۶ ار	۶ ار	
روغن زرد	۱۰ ار	۵ ار	۵ ار	۵ ار	۵ ار	۱۰ ار	
روغن سیناں	۲ ار	۳ ار	۲۰ ار	۲ ار	۲ ار	۲۰ ار	
روغن کنجد	۱۰۱ ار	۲ ار	۲۰ ار	۱ ار	۲ ار	۲۰ ار	
نمک سانبھر	۱۰ ار	۱۱ ار	۱۳ ار	۱۱ ار	۱۲ ار	۱۳ ار	
نمک لاہوری	۰	۱۱ ار	۱۰ ار	۸ ار	۹ ار	۳۰ ار	
قند سیاہ	۵۰ ار	۷ ار	۵ ار	۵۰ ار	۵۰ ار	۶ ار	
باجرہ	۱۱۰ ار	۱۲ ار	۱۱ ار	۱۱ ار	۱۲ ار	۱۲ ار	

مطبوعہ پریس ریاست رامپور